... مرنے کا خوف ... حرام کھائے جا ... چلیں ... محنت کشوں کی لاش ... ظالم ... پھیلے جا ... جام ... ساتھ ... زندگی جیسے ... جا

[illegible]

مرزا دبیر

[illegible]

یوسف غرق چاہ سیہ ناگہاں ہوا
یعنی غروب ماہ تجلی نشاں ہوا
یونس دہان ماہی شب سے عیاں ہوا
یعنی طلوع نیر مشرق ستاں ہوا

فرعون شب سے معرکہ آرا تھا آفتاب	دن تھا کلیم اور ید بیضا تھا آفتاب
تھی صبح یا کہ چرخ کا جیب دریدہ تھا	یا چہرۂ مسیح کا رنگ پریدہ تھا
خورشید تھا کہ چرخ کا اشک چکیدہ تھا	یا فاطمہ کا نالۂ گردوں رسیدہ تھا
کچھ : مہر صبح کے سینہ پہ داغ تھا	امید اہل بیت کا گھر بے چراغ تھا


میرزا سلامت علی نام، دبیر تخلص، والد کا نام مرزا غلام حسین تھا۔ ان کے جد اعلیٰ ملا ہاشم شیرازی شاہ عالم بادشاہ کے عہد میں دہلی آئے۔ دبیر ۱۸۰۳ء میں دہلی میں پیدا ہوئے۔ سات سال کی عمر میں اپنے والد کے ہمراہ لکھنؤ چلے گئے اور فارسی و عربی کی کتابیں وہاں کے نامور علماء سے پڑھیں۔ علمی استعداد و فاضلانہ رکھتے تھے۔ شعر و شاعری سے قدرتی مناسبت تھی۔ مرثیہ میں میر مظفر حسین ضمیر لکھنوی کے شاگرد ہوئے۔ انہی نے دبیر تخلص رکھا۔ میرزا دبیر نے پندرہ سال کی عمر سے مرثیہ گوئی شروع کی جو کچھ استاد سے پایا اسے بقول آزاد بہت بلند اور روشن کر کے دکھایا۔ بیان کرنے کے نئے اسلوب اردو شاعری میں بکثرت پیدا کئے۔ ایک ایک امر کو سو سو طرح سے بیان کر کے قوت سخن کی جولانیوں کیلئے نیا میدان صاف کر دیا۔ وہ ساری عمر لکھنؤ میں رہے۔ آخر عمر میں آنکھوں کے علاج کیلئے واجد علی شاہ کے پاس کلکتہ گئے اور مرشد آباد عظیم آباد سے ہوتے ہوئے لکھنؤ واپس آئے۔ لکھنؤ میں ۱۸۷۵ء میں وفات پائی۔ مرثیہ گوئی میں انیس اور دبیر کے طرز جدا جدا ہیں۔ دبیر کے ہاں زور تخیل، کنایات، تشبیہات و استعارات، شکوہ و استدلال، شوکت الفاظ، خیال آفرینی، دقت پسندی، مضمون بندی پر زیادہ زور ہے۔ اس کے ساتھ مناظر کی تصویر کشی، جذبات نگاری، الفاظ کی سلاست اور فصاحت و بلاغت کی بھی کمی نہیں ہے۔


جام نو

غزل

بشیر سیفی

اک حسن بے مثال کے جو روبرو ہوں میں
محسوس ہو رہا ہے خود اپنا عدو ہوں میں
اپنی گرفت شوق سے نکلوں تو کس طرح
پھیلا ہوا جہان میں ہر ایک سو ہوں میں
مجھ پہ تری حیات کا دار و مدار ہے
جذبوں سے جھانکتا ہوا زندہ لہو ہوں میں
گونجوں کا تیرے ذہن کے گنبد میں رات دن
جس کو نہ تو بھلا سکے وہ گفتگو ہوں میں
[illegible]
تو میری آرزو ہے تیری ... ہوں میں
[illegible]
احساس تجھ کو کب ہے تری ... ہوں میں
[illegible]
اپنا ہی نقش پا ہوں ... ہوں میں
[illegible]





بہنوں کی محفل

اپنی جلد کی خاصیت معلوم کرنے کے طریقے آزمائیے

حسن و صحت

شی فرخ

اگر آپ میک اپ نہیں کرتیں تب بھی کلینزنگ ضروری ہے!

میک اپ کی دنیا میں کلینزنگ اس قدر اہم ہے کہ انسانی جسم کے ہر حصے چہرے، بال، جسم، آنکھیں اور ناخنوں کے لئے مختلف کلینزر دکانوں میں دستیاب ہیں۔ لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کا انتخاب کیسے کریں؟ چلئے آج اس بارے میں غور کرتے ہیں۔

کیا کلینزر واقعی بہت ضروری ہے؟

جی ہاں، کلینزنگ بہت ضروری ہے۔ اگر آپ یہ سوال جلد کے کسی ماہر سے کریں تو وہ جواب دے گا کہ کلینزنگ نہ کرنے سے آپ کو بظاہر کوئی نقصان نہیں ہوگا۔ لیکن اس کے بعد عین ممکن ہے کہ جلد پر جمع ہونے والے میل سے پھنسیاں بننے لگیں۔ جلد کی شادابی آہستہ آہستہ کم ہونے لگے اور زائد چکنائی کے سبب رنگت سیاہی مائل ہونے لگے۔ اگر آپ میک اپ نہیں کرتیں تو بھی کلینزنگ ضروری ہے۔ ایک طرف کلینزر جلد سے پرانا میک اپ اتارتا ہے، دوسری طرف یہ جلد کا محافظ ہے۔

جب آپ کلینزنگ کے بارے میں سوچتی ہیں تو سب سے پہلے چہرے کا خیال آتا ہے۔ اس لئے ہم چہرے سے ہی کلینزنگ شروع کرتے ہیں۔

صابن پانی، بمقابلہ کلینزر

اگر آپ میک اپ کرتی ہیں تو آپ کو کاسمیٹک کلینزر کی بہت ضرورت ہے۔ اس سے جلد نرم ہوتی ہے اور جلد سے پاؤڈر اور چکنائی صاف ہوتی ہے۔ آپ بے شک صابن پانی سے چہرہ دھوئیں، اچھے قسم کے ٹائلٹ سوپ میں ایسے اجزا شامل ہوتے ہیں جن سے چہرے کا میک اپ حل ہو جاتا ہے لیکن پانی کا کوئی اعتبار نہیں۔ مختلف علاقوں میں پانی مختلف قسم کا ہوتا ہے۔ اگر پانی ہلکا ہے، تو صابن اور پانی سے منہ دھونے سے بہترین "کلینزنگ" ہوتی ہے۔ بھاری پانی جلد کی چکنائی اور کثافت کو صاف کرنے میں ناکام رہتا ہے۔ اس لئے خواہ مخواہ الجھنے سے بہتر یہی ہے کہ کاسمیٹک کلینزر استعمال کیا جائے۔

کلینزر کا انتخاب کیسے کریں؟

مارکیٹ میں چہرے کے کلینزرز کی کمی نہیں لیکن کیا آپ نے اپنے لئے صحیح کلینزر کا انتخاب کیا ہے؟ آپ اپنی جلد کے مطابق کلینزر خریدیں۔ یاد رکھیں کہ یہ ضروری نہیں کہ آپ اگر ایک کمپنی کی کاسمیٹکس استعمال کرتی ہیں۔ تو اسی کمپنی کا بنا ہوا کلینزر بھی استعمال کریں، ہو سکتا ہے وہ کلینزر آپ کی جلد کے لئے مناسب نہ ہو۔ عام خواتین کو مختلف کمپنیوں کی نئی نئی کاسمیٹکس استعمال کرنے کا شوق ہوتا ہے۔ دوسرے الفاظ میں وہ اپنی "برانڈ" بدلتی رہتی ہیں۔ آپ چاہیں تو ضرور ایسا کریں لیکن مصنوعات کا انتخاب کرتے وقت اپنی جلد کی خاصیت ضرور معلوم کر لیں۔

اپنی جلد کی خاصیت معلوم کرنے کے لئے ٹشو پیپر کا گھریلو نسخہ استعمال کریں۔ رات کو منہ دھو کر سو جائیں۔ صبح اپنے چہرے پر ٹشو پیپر رکھیں اچھی طرح دبائیں۔

اگر سارے ٹشو پیپر پر چکنائی لگی ہے تو آپ کی جلد چکنی ہے۔

اگر ٹشو درمیان سے بہت چکنا ہو گیا ہے لیکن اس کے اطراف خالی ہیں تو جان لیں کہ آپ کی جلد ملی جلی ہے۔ وہ ناک پر سے چکنی اور رخساروں پر خشک ہے۔

اگر ٹشو کے درمیان میں چکنائی کا معمولی سا نشان ہے تو اطمینان رکھیں۔ آپ کی جلد نارمل ہے۔

اگر ٹشو بالکل صاف رہا۔ تو جان لیں کہ آپ کی جلد خشک ہے۔

اگر کلینزر کے استعمال سے آپ کی جلد پر سوئیاں سی چبھنے لگتی ہیں یا آپ کو خارش محسوس ہوتی ہے تو آپ کی جلد حساس ہے۔ چکنی، نارمل، ملی جلی، خشک ہر قسم کی جلد حساس ہو سکتی ہے۔ اس کی خاطر آپ کو معتدل کلینزر استعمال کرنا ہوگا۔

لیل (...)

[illegible]

کلیئر لوشن (CLEAR LOTION)

یہ لوشن پانی کی طرح شفاف ہوتا ہے۔ جلد کو مکمل طور پر صاف کرنے کے لئے بہترین ہے۔ اس کے استعمال کے بعد چکنی جلد تر و تازہ معلوم ہونے لگتی ہے۔ [illegible] ...DIAN [illegible]

اینڈ کلینزر

میڈیکیٹڈ لوشن

صاف یا دو رکھیں۔ اگر آپ کی جلد پر داغ دھبے ہیں تو یہ بہترین ہے۔ روز لیرڈ میڈیکیٹڈ لاؤنڈر۔ اوکسا سکن تھیرو۔

رنس آف

(RINSE OFF)

یہ نئی قسم کا کلینزر ہے۔ یہ چکنی اور ملی جلی جلد والوں کے لئے مفید ہے۔ اسے صابن کی طرح چہرے پر لگا کر کچھ دیر ملیں اور پانی سے دھو دیں۔ ہیلینا روبنسٹائن اسکن بیلنس کلینزر۔ ریولان مین کلینزنگ لوشن۔

فومنگ کلینزر

یہ ٹرانسپیرنٹ لیکوئیڈ صورت میں ہوتے ہیں۔ ہلکی سی کلینزنگ کرتے ہیں۔ نارمل جلد کے لئے مفید ہے۔ بونس کلین اینڈ ٹونر۔

ملک

ہلکا اور ملائم دیکھنے میں بالکل اصلی دودھ کی مانند لگتا ہے۔ اس کے استعمال سے جلد تر و تازہ ہو جاتی ہے۔ الزبتھ آرڈن ڈیپ کلینزنگ ملک، بلیس کلینزنگ ملک۔ آنڈ یا کلینزنگ ملک۔

کولڈ کریم

دیکھنے میں گاڑھی لگتی ہے۔ در حقیقت وہ بہت ہلکی ہوتی ہے۔ خشک جلد کے لئے بہترین کلینزر ہے۔ پونڈز کولڈ کریم۔ نیویا کولڈ کریم۔ یارڈلے کولڈ کلینزنگ کریم۔

کریمی لوشن

گاڑھی اور چکنی لیکن خاصیت میں بڑی ہلکی معتدل تاثیر لیکن گہری کلینزنگ کرتی ہے۔ خشک اور حساس جلد کے لئے مفید ہے۔ عمر رسیدہ جلد کے لئے بھی بہترین ہے۔ میکس فیکٹر سانٹی فلوٹ لے (ALMAY) ڈیپ پیسٹ کلینزنگ لوشن۔


لیکو فائینگ کریم

(LIQUEFYING)

شیشی میں ٹھوس دکھائی دیتی ہے لیکن جب یہ جلد پر لگتی ہے تو نرم ہو جاتی ہے۔ بہت چکنی۔ ہر قسم کا میک اپ اتار دیتی ہے۔ لگانے کے بعد اچھی طرح صاف کر لیں ورنہ جلد چپچپی لگے گی۔ خشک جلد کے لئے بہترین کلینزر ہے۔ بونس ٹشیو بیکل کولڈ کریم۔ [illegible]

کریمی کریم

چکنی، [illegible] بہت سے معدنیات اور ویکس شامل ہوتی ہے کوٹی ایورکا ڈو کلینزنگ کریم۔ ایلمے (ALMAY) اسکن کلینزر



[illegible]

سلام مچھلی شہری (مرحوم)

کی

آخری نظم

تم یہی سمجھو کہ دنیا پہ تمہارا حق ہے
"صنفِ نازک" ہیں تو ہر شے پہ ہمارا حق ہے

ہم نے جب سوچا تو یہ سوچا زمیں "اک ماں" ہے
جس کے ہر انگ میں اک سوزِ نمو پنہاں ہے
لاکھ کانٹے ہوں مگر پھولوں کو کھلنا ہے ضرور
فاصلے جو بھی ہوں دل والوں کو ملنا ہے ضرور
گھر شکستہ ہے رہیں لاکھ، سجیں گے آنگن
ہاتھ پھیلائیں گے صحرا تو بڑھیں گے گلشن
روزِ اوّل سے ہے تعمیر ہماری فطرت
کیا بدل پائے گی تعمیر ہماری فطرت
دامنِ ارض سدا تنگ نہیں رہ سکتا
روز اک سلسلۂ جنگ نہیں رہ سکتا
"امن" انسان کی فطرت ہے تقاضائے زمیں
اس کے سینے میں محبت کے سوا کچھ بھی نہیں
ہم کہ "مائیں" ہیں، ہمارے ہیں یہی روپ اور رنگ
اپنی دنیا میں تو بس پھول، خوشی، گیت اور چنگ!
تم یہی سمجھو کہ دنیا پہ تمہارا حق ہے
"صنفِ نازک" ہیں تو ہر شے پہ ہمارا حق ہے

خواب نفرت کی میں انساں کو نہ سونے دیں گے
ہم زمانے میں سدا جنگ نہ ہونے دیں گے

ایورنیو فلمز انکارپوریٹڈ

شمالی امریکہ میں پاکستان کی معیاری فلموں کو کامیابی سے پیش کرنے والا واحد ادارہ ۱۹۷۵ء کی اعلیٰ ترین پکچرز "شمع" "محبت زندگی ہے"، اور "دامن اور چنگاری" کو پیش کرنے کے بعد اب ۱۹۷۶ء کی بہترین فلمیں پیش کرتا ہے:-


ثریا بھوپالی (اردو)	سوہنی مہینوال (پنجابی)
زینب النساء (اردو)	ٹیپو سلطان (اردو)
کنوار (اردو)	نیا سورج (اردو)
ستے جانا (اردو)	

[illegible]

FOR BOOKING AND FURTHER INFORMATION
PLEASE PHONE (613)238-2625 CABLE: EVNUFILM


evernew films inc.

605 — 201 BELL ST. N • OTTAWA, ONTARIO
CANADA • K1R 7E2



ایلیس انٹرنیشنل

شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام



[illegible]

AALICE INTERNATIONAL
3240 Bloor St. W. Suite No 5A
Toronto Ont. CANADA M8X 1E4
Tel. (416)231-1766 & 791-8496

متحدہ جمہوری محاذ عام انتخابات میں حصہ لے گا


محاذ سے باہر کی اپوزیشن پارٹیوں سے بات چیت کامیاب ثابت ہو گی

الیکشن کمیشن کی سفارشات سے مطلع نہیں کیا گیا، پروفیسر غفور

حکومت اور صحافیوں کے درمیان بہتر تعلقات ملکی مفاد کیلئے ضروری ہیں

معمولی غلط فہمیاں باہمی مذاکرات سے دور کر لینی چاہئیں

قائد اعظمؒ نے پوری دنیا کے مسلمانوں کا دفاع کیا ہے۔ صدر سادات



دنیائے اسلام کو قائد اعظمؒ کے نظریات پر عمل کرنا چاہیے

جناح نے برطانوی سلطنت پر وار کیا جس نے برصغیر اور دنیائے عرب کے بڑے حصے پر قبضہ کر رکھا تھا

اسلام آباد ـــــ (اے پی پی) مصر کے صدر انور السادات نے کہا ہے کہ قائد اعظم محمد علی جناحؒ نے نہ صرف پاکستان کے عوام بلکہ فلسطینیوں سمیت پوری دنیائے اسلام کا دفاع کیا۔ یہ بات انہوں نے بانی پاکستان کے جشن صد سالہ کے موقع پر اپنی تقریر میں کہی ...


پاکستان کو ڈھائی ارب روپے کا تجارتی خسارہ




تبصرہ: سعید احمد

پاکستانی کھلاڑیوں نے بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کر کے کھیل کا پانسہ بدل کر رکھ دیا


آسٹریلیا کا نفسیاتی دباؤ مکمل طور پر ختم ہو چکا ہے



آصف اقبال



مشتاق محمد



ظہیر عباس



وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو قائد اعظم کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں۔




نیویارک میں پاکستانی نوجوان کا قتل

نیویارک ـــــ ایک چھبیس سالہ پاکستانی نوجوان ظہیر الحسن کو نیویارک میں پراسرار طور پر قتل کر دیا گیا ...

پاکستان پختون قوم نے بڑی قربانیاں دی ہیں، حزب اقتدار اور حزب اختلاف کو یکساں مراعات حاصل ہونی چاہئیں

پشاور ـــــ نمائندہ خصوصی، سابق سرخ پوش رہنما عبدالغفار خان نے پختونوں سے کہا ہے کہ وہ اپنے حقوق کے حصول کے لئے متحد ہو جائیں ...

امام حسینؑ نے حق کا پرچم بلند رکھنے کی راہ دکھائی



منتظمین گھبراہٹ میں

فاتح انوکا کو کپ دینا بھی بھول گئے

بج رہا تھا۔ اکرم کی للکار

کنشیٹر ساری دنیا میں گونج رہی ہے

لیکن ۱۲ دسمبر کی شام ۷ بجکر ۱۰ منٹ پر اکرم کی للکار

کرناک چیخ میں تبدیل ہو چکی تھی۔

رستم زماں کے اعزاز کے دعویدار بھولو پہلوان اپنے بھائی گوگا، اسلم اور بھانجے بھتیجے رنگ کے اندر گھس کر انوکی کو گالیاں دے رہے تھے۔ اسٹیڈیم میں موجود لوگ دیکھ رہے تھے کہ اکرم کے رشتے دار اور حمایتی انوکی پر حملہ کرنا چاہتے ہیں ویسے تو یہ بھولو برادران کا پرانا حربہ ہے عام کشتیوں میں بھی وہ سب اکھاڑے کو گھیر کر بیٹھ جاتے ہیں اور اگر ان کا پہلوان ہارنے لگے تو فاؤل ہوا فاؤل ہوا کا شور مچاتے ہوئے اکھاڑے میں گھس جاتے ہیں۔ اس طرح مقابلہ رک جاتا ہے اور اسی ہنگامے کے دوران حریف کی پٹائی بھی کر دی جاتی ہے۔ اس طرح وہ خائف ہو کر مقابلے سے دستبردار ہو جاتا ہے۔

مگر ۱۲ دسمبر کو انوکی سے مقابلے کے دوران وہ یہ بھول گئے تھے کہ یہ مقابلہ چھوٹی کی ملیاں کا دنگل نہیں بلکہ بین الاقوامی شہرت یافتہ غیر ملکی پہلوان سے مقابلہ ہے۔ اور پھر اسے ٹیلیویژن پر بھی دکھایا جا رہا ہے۔

'معیار' پہلے ہی لکھ چکا تھا کہ اکرم کے اکھاڑے والے اس مقابلے کو دیسی دنگل سمجھ رہے ہیں اور مقابلے کے دن اس کی تصدیق ہو گئی۔ رنگ کے اطراف دارالصحت کے 'پٹھے' بڑی تعداد میں موجود تھے۔ اکرم جسے اصول کے مطابق مقابلے سے پہلے آرام کرنا چاہیے تھا پگڑی باندھے گرتا اور تہمد پہنے تین بجے سے اسٹیڈیم میں موجود تھا وہ ادھر ادھر گھوم رہا تھا۔ سگریٹ کے کش لگا رہا تھا اور ٹھنڈے پانی کے گلاس چڑھا رہا تھا۔

مقابلہ سات بجے شروع ہوا۔ اس طرح اکرم بڑی لاپرواہی سے چار گھنٹے تک اسٹیڈیم کے ہر ہنگامے میں شریک رہا اور جب چھ بجکر ۵۰ منٹ میں وہ رنگ میں داخل ہوا تو تھوڑی دیر وارم اپ کے بعد اپنے کارنر میں سٹول پر بیٹھ کر سگریٹ کے کش لگانے لگا۔ شاید ہی دنیا میں کسی اور پہلوان نے کبھی رنگ کے اندر بیٹھ کر سگریٹ کے کش لگائے ہوں۔

بین الاقوامی مقابلوں کی روایت ہے کہ کشتی سے پہلے پہلوانوں کا میڈیکل چیک اپ ضروری سمجھا جاتا ہے تاکہ معلوم ہو [illegible] نشہ آور ادویات سے بے ہوش [illegible] مقابلے کیلئے [illegible] قرار دیا جائے۔ لیکن اکرم انوکی مقابلے میں اس

[illegible] پھر کرنے کی ضرورت ہی نہ سمجھا

انوکی ۶ بجکر ۵۰ منٹ پر رنگ میں داخل ہوا

اس نے مقابلے سے پہلے اکرم کے گلے [illegible]

[illegible] پر اعتراض کیا۔ تعریف ہی لگا رہا تھا تو حریف کو نقصان پہنچا سکتا تھا اس لئے اکرم کو تعویذ اتارنا پڑا۔ پہلا راؤنڈ ٹھیک سات بجے شروع ہوا۔ پہلے ہی منٹ میں اکرم نے انوکی کو گرانے کی کوشش کی لیکن اپنے مخصوص حربے کی مدد سے انوکی نے اکرم کو اپنی گرفت میں لے لیا۔ اس گرفت کو "انوکی ہولڈ" بتایا جاتا ہے۔ اسی کشمکش میں انوکی نے رسی کو ہاتھ لگا دیا۔ اور ریفری نے دونوں پہلوانوں کو علیحدہ کر دیا۔ انوکی نے اکرم کو گرا دیا لیکن اکرم پلٹ کر اس کے اوپر آ گیا اکرم کھڑا ہو گیا اور اناؤنسر سے کہنے لگا "اٹھو، مقابلہ کرو" اس کے بعد پھر اکرم نے وار کیا۔ انوکی گرا لیکن رسی کے قریب تھا۔ اس لئے ریفری نے پہلوانوں کو علیحدہ کر دیا۔ پہلا راؤنڈ ختم ہو گیا۔ دوسرے راؤنڈ کے پہلے منٹ میں اکرم نے پھر انوکی سے کہا 'داؤ لگاؤ' انوکی نے بھی جوابی طور پر ہاتھ اٹھا کر اسے حملہ کرنے کی دعوت دی۔ دونوں الجھے انوکی نے اکرم کو گرا دیا۔ اب نیک لاک۔ لیگ لاک اور پھر اکرم کے چہرے پر برشنگ شروع کر دی۔

اکرم کے کارنر میں بھولو گھرانے کے تمام لوگ جمع ہو گئے۔ (یہ ضابطے کی خلاف ورزی تھی۔ انوکی مقابلے سے پہلے ہی اس پر اعتراض کر چکا تھا) شور شروع ہو گیا۔ گوگا اچھل کر رنگ میں داخل ہو گیا۔ کشتی روک دی گئی۔ انوکی ہاتھ اٹھا کر لوگوں کو بتا رہا ہے کہ اکرم نے اسے کاٹا ہے وہ انگریزی میں بولا "HE BITES"

اکرم کی آنکھ سرخ ہے اس کے کارنر میں بھولو برادران بھانجے۔ بھتیجے سبھی جمع ہیں۔ کوئی اکرم کی مالش کر رہا ہے اور کوئی اس کی آنکھ پر پھونک مار رہا ہے۔ ریفری اور رنگ ڈائریکٹر حیرت سے سب کچھ دیکھ رہے ہیں۔ اس کی سمجھ میں کچھ نہیں آتا کیا کرے۔ ضابطے کے مطابق اکرم کے کارنر کی سرگرمیاں غیر ضروری ہیں۔ سلیم صادق رنگ میں داخل ہوتے ہیں۔ اور رنگ ڈائریکٹر بتا رہے ہیں کہ اکرم نے انوکی کے ہاتھ پر کاٹا ہے۔ اکرم کے حامی شور مچا رہے ہیں کہ انوکی نے اکرم کی آنکھ میں انگلی ڈالی ہے۔ انوکی اشارے سے کہتا ہے اس نے BRUSHING کی ہے۔

رنگ کے قریب کنٹری کرنے والا سابق اولمپکار آزاد چیخ چیخ کر مجمع کو اشتعال دلا رہا ہے 'انوکی نے ظلم کیا' ریفری یا جج کے فیصلے سے پہلے ہی ایسے کئی حضرات نے فیصلہ صادر فرما دیا۔

لیکن رنگ کے اندر بات جیت کے بعد مقابلہ پھر شروع ہوا۔ یہ دوسرے راؤنڈ ہی کا حصہ تھا۔ اکرم نے پھر انوکی سے ہاتھ ملایا۔ اکرم نے انوکی کو گرایا لیکن انوکی نے آرم لاک (بازو کا شکنجہ) کے ذریعے اکرم کو پلٹ دیا اب اکرم انوکی کے نیچے تھا۔ انوکی نے اپنے حریف کو بے بس کرنے کے لئے جوڑوں کی "آرم کا ساکاتی" نامی گرفت لگائی اس کے ساتھ ہی انوکی نے اکرم کے پیروں کو بے بس کرنے کے لئے شکنجے میں کس لیا۔ اس مرحلے پر انوکی نے ریفری کے توسط سے اکرم سے پوچھا کہ اکرم ایک پوائنٹ ہارتا ہے یا نہیں۔ اکرم نے انوکی کے شکنجے سے نکلنے کی کوشش کی اور ایک چیخ بلند ہوئی۔ اکرم کا بازو اکھڑ گیا۔ انوکی اسے چھوڑ کر کھڑا ہو گیا۔ وہ اشارے سے بتا رہا تھا کہ اکرم کا بازو اکھڑ گیا ہے۔

اس مرحلے پر بھولو برادران رنگ میں گھس گئے۔ اور ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ انوکی پر حملہ کرنا چاہتے ہیں۔ انوکی کے کارنر میں ہیروکا، نیوجی والدہ اور اوزوا اپنے ہیرو کو حفاظتی حلقے میں لئے کھڑے تھے۔ انوکی نے ان تینوں کو ہٹا دیا۔ اور گالیاں دینے والے بھولو کے بھائیوں، بھتیجوں کو مسکرا کر ٹھنڈا رہنے کا اشارہ کیا۔

رنگ کے اندر ہونے والے اس ہنگامے میں کسی کو یہ یاد نہ رہا کہ مقابلے کے نتیجے کا اعلان ضروری ہے۔ اکرم کے حامی جس طرف بیٹھے تھے۔ وہاں سخت اشتعال تھا اور پھر ادھر سے چیخ چیخ کر رونے کی آوازیں آنے لگیں۔

[illegible]

[illegible] انوکی تریکل کا اعزاز دیا

[illegible] ایک تقابلہ کرانے کا اعلان [illegible] فاتح کو [illegible] جاپان کھایا ہوا تھا اور جس طرح کہ میزبان خصوصی نے ملوایا گیا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ منتظمین اکرم کی فتح کا نعرہ لگا کر رہے تھے۔ اور دوسرے ہی راؤنڈ میں اس کی شکست سے وہ بوکھلا گئے کہ مہمان خصوصی وزیر اعلیٰ جناب غلام مصطفیٰ جتوئی اور جاپانی [illegible] بھی نہ دے سکے۔

انوکی نے ۱۱ دسمبر کی پریس کانفرنس میں مقابلے کے خاتمے کے لئے کسی راؤنڈ کی پیش گوئی سے گریز کیا تھا۔ جبکہ اکرم کا پُر زور دعویٰ تھا کہ وہ دو یا تین راؤنڈ میں اس جاپانی کا بھس بھر دیں گے۔

انوکی نے اس پریس کانفرنس میں اپنے قریب بیٹھے ہوئے صحافیوں سے کہا تھا کہ تمہارے قومی ہیرو کو اگر میں سخت سزا دوں تو مجھے معاف کر دینا۔ اس لئے کہ اگر اس نے ذرا زیادہ زور دکھایا تو پھر مجھے ہشت پا ہولڈ "OCTUPUS" یا پھر 'RIB CRUSHING HOLD' استعمال کرنا پڑے گا۔

'OCTUPUS HOLD' سے حریف کی کمر ٹوٹ سکتی ہے اور RIB CRUSHING HOLD سے پسلیاں ٹوٹ جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ بھی انوکی کو اس قسم کے دو ہزار ہولڈ کی مہارت حاصل ہے جن میں کراس فٹ اور جرمن سوپلیکس ہولڈ جیسے خطرناک داؤ بھی شامل ہیں۔

جھلکیاں

عبدالوحید قریشی

اکرم۔ انوکی مقابلے سے منتظمین کو مالی طور پر سخت نقصان ہونے کی اطلاع ملی ہے۔

انوکی کو حسب معاہدہ پانچ لاکھ روپیہ مقابلے سے قبل ادا کئے گئے تھے۔

جاپانی پہلوان کو گیٹ منی کا تیس فیصد حصہ ملنا تھا لیکن پروموٹرز نے خسارے کی کہانی سنا کر انہیں ٹیکنیکل ناک آؤٹ کر دیا۔

انوکی کو تقریباً ۹۰ ہزار روپیہ پاکستان گورنمنٹ کو بطور ٹیکس ادا کرنا پڑے گا۔

ٹیلیویژن نے مقابلہ ٹیلی کاسٹ کرنے کا معاوضہ صرف پچاس ہزار روپیہ ادا کیا۔

بھولو برادران کے اکھاڑے دارالصحت کے سامنے آجکل روزانہ محلے کے نوجوان اکٹھا ہو کر نعرہ لگاتے ہیں "بھولو اور اسلم باہر نکلو۔ انوکی سے مقابلہ کرو"۔

اکرم نے جب مقابلے سے قبل یا علی کا نعرہ لگایا تو ایک جاپانی صحافی نے نمائندہ معیار سے پوچھا کیا اکرم باکسر محمد علی کو اپنی مدد کیلئے بلا رہا ہے؟



لیبیا میں تمام قوانین قرآن پاک کی بنیاد پر مرتب کئے جائیں گے

غلاف کعبہ تیار کرنے کیلئے جدید ترین مشینری لگائی جا رہی ہے

[illegible]



نظام حکومت میں تبدیلی لائی جا رہی ہے

تبدیلی کے بارے میں عوام کی رائے معلوم کی جائیگی: قذافی

[illegible]

FOR ALL YOUR INSURANCE NEEDS
CALL
A. RAHEEM ...
AT
...4050 (Office) ...2362 (Home)

NORWICH UNION LIFE INSURANCE SOCIETY
40 WYNFORD DR., DON MILLS, ONTARIO

آصف اقبال کیلئے پانچسو ڈالر انعام اور MAN OF THE MATCH کا ایوارڈ

ایڈیلیڈ ٹیسٹ کی خاص خاص باتیں



• آصف اقبال کو جنہوں نے دوسری اننگز میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا ہے انہوں نے ۱۵۲ رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے انہوں نے شاندار بیٹنگ بھی کی جس کا آسٹریلوی مبصرین نے بار بار اعتراف کیا آصف اقبال کو ایوارڈ جیتنے پر پانچ سو ڈالر دیے گئے ہیں۔ آسٹریلوی اخبارات نے بھی آصف اقبال کے شاندار کھیل کو سراہا ہے۔

• ایک مرتبہ جب کہ آسٹریلیا کا سکور چھ وکٹوں پر ۳۱۱ تھا پاکستان کی جیت کے امکانات پیدا ہو گئے لیکن اس موقع پر آسٹریلوی کھلاڑیوں نے دفاعی کھیل شروع کر دیا۔

• پاکستان کی طرف سے اقبال قاسم نے [illegible] رنز دے کر آسٹریلیا کے چار کھلاڑی آؤٹ کئے اور کھیل کا پانسہ پلٹنے میں اہم کردار ادا کیا۔

• مشتاق محمد نے ٹرنر کی ایک تیز ہٹ کو کیچ کرنے کی کوشش کی جس سے ان کا ہاتھ زخمی ہو گیا بتایا گیا ہے کہ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ان کا ایکسرے ہوگا تاہم یہ بات یقینی ہے کہ وہ یکم جنوری سے شروع ہونے والے دوسرے ٹیسٹ میچ میں حصہ لیں گے۔

• آسٹریلوی کپتان گریگ چیپل نے میچ ختم ہونے کے بعد کہا کہ سرفراز اور محسن کے زخمی ہونے کے بعد دونوں ٹیمیں تقریباً ایک جیسی ہو گئی تھیں۔

• میچ کے دوران جس قدر اتار چڑھاؤ دیکھنے میں آیا وہ کرکٹ کی تاریخ میں ایک مثال ہے آخری دن وسط تک یہ واضح نہیں ہوا تھا کہ میچ کا نتیجہ کیا ہو گا لنچ کے وقفے کے بعد ایک مرتبہ پاکستان کی شکست یقینی تھی لیکن آسٹریلیا کے دو کھلاڑیوں کے یکے بعد دیگرے آؤٹ ہونے پر اس بات کا امکان بھی پیدا ہوا کہ آسٹریلیا شکست کھا جائے گا۔

• آج پاکستانی ٹیم نے شاندار فیلڈنگ کا مظاہرہ کیا اور ایک ایک رن بچانے کے لئے انتھک محنت کی جاوید میانداد نے کئی ایک یقینی چوکے بچائے اس کے لئے انہیں قلابازیاں بھی کھانا پڑیں۔


• طویل مدت کے بعد آج [illegible] دیکھا گیا جو میچ کے آخری حصے سے محظوظ ہو رہے تھے۔

• کرکٹ کی دنیا میں [illegible]


• اقبال قاسم نے آج ۹۶ منٹ میں چار رن بنائے [illegible] ۱۹۵۹ء [illegible]



[illegible]







INSTANT PRINTING
WHILE YOU WAIT
PLUS THESE OTHER SERVICES
QUALITY PRINTING INSTANTLY AT REASONABLE PRICES
FAST SERVICE
TYPESETTING
—FOLDING
CUTTING
—SCORING
—PERFORATING
★ WEDDING INVITATIONS
★ ANNOUNCEMENTS
★ MATCHES & SERVIETTES
★ LABELS
★ CIRCULARS
★ POSTERS
★ BROCHURES
★ TICKETS
BUSINESS CARDS
LETTERHEADS
ENVELOPES
FORMS N.C.R.
INVOICES ETC.
Finger-Printers
2602a EGLINTON AVE. EAST
SCARBOROUGH, ONTARIO
M1K 2R9
FOR PICK UP AND DELIVERY
Phone:
261-2666

گاڑی کی مرمت، رنگ و روغن اور انشورنس کلیم کے لیے ظہیر صاحب کو فون کیجئے۔
سستے کرائے پر کار بھی دستیاب ہے۔
IF THIS Happens To You!
Expert Body Work
Spray Painting
General Collision Repairs
Guaranteed Work
FREE ESTIMATES
consult
National AUTO BODY
614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

ALEX AUTO SERVICE
2941 EGLINTON AVENUE EAST
SCARBOROUGH, ONTARIO
Telephone: 431-5403
Specializing in Complete Service of
Imported & Domestic Cars

"کرلینٹ" میں شائع ہونے والے تمام
مضامین، اشتہارات اور ان کے خاکوں کے
جملہ حقوق محفوظ ہیں۔ انہیں نقل کرنے سے پہلے
ہماری تحریری اجازت لینا ضروری ہے۔
(ادارہ)

CAPITOL TRADERS



741 Broadview Avenue
Suite 306
Toronto, Ont. M4K 3Y3

Toronto (416)465 5411
Windsor (519)256 0654
Detroit (313)961 5711

انکم ٹیکس سپیشلسٹ

BROTHERS ACCOUNTING AND BOOKKEEPING

Accounting, Bookkeeping, Tax Returns
Free Estimates — All types of business

M. AFZAL HUSSAIN, B.Comm. (Hons.) M.Comm.
Manager

Suite 410
7 Roanoke Rd.
Don Mills, Ont.
M3A 1E3

A&S COLLISION CENTRE (Toronto) Limited

751-6699
MASOOD AHMAD

• Complete Body Work
• Oven-Baked Finishes
• Insurance Claims

COMPLETE PAINT JOBS – $135. UP

122 MANVILLE RD. SCARBORO. M1L 4J5
(1 Block East of Warden At Eglinton)

بسم اللہ الرحمن الرحیم

We are famous for HALAL MEAT at Reasonable Prices!

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں۔

INTERNATIONAL FOOD CENTRE
534-1673

9 Boustead Avenue, Dundas W. &
Roncesvalles, Near Jamia Mosque Toronto

مصری حاجیوں کی المناک ہلاکت پر ہمیں دلی صدمہ پہنچا ہے: وزیراعظم بھٹو

خدا غمزدہ خاندانوں کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے



اسلام آباد — (اپ پ) وزیراعظم بھٹو نے ... [illegible]

میں نے مسٹر جناح جیسے پرعزم انسان بہت کم دیکھے ہیں: ماؤنٹ بیٹن

وہ خوش گفتار اور دلنواز شخصیت کے مالک تھے: طلوعِ تیا

انہوں نے ہمیشہ جمہوریت، قانون اور اصولوں کا احترام کیا: بی بی سی



[illegible]

پاکستان اور صرف پاکستان

[illegible]

اقتدار انسان کا رشتہ

[illegible]

کراچی میں تین منزلہ عمارت گرنے سے سات افراد ہلاک ہو گئے

عمارت کو کچھ عرصہ قبل خطرناک قرار دیا جا چکا تھا

تین افراد کو ملبے سے زندہ نکال لیا گیا

کراچی — (اپ پ) [illegible]

انتخابات مقررہ وقت پر کرانے کے لئے پنجاب میں انتظامات مکمل کر لئے گئے

ملتان — [illegible]

سینیٹ نے عوامی نمائندگی کا بل منظور کر لیا

انتخابات جداگانہ طریقے پر کرائے جانے چاہئیں: خواجہ صفدر

انتخابات کی نگرانی کا کام عدلیہ کو سونپا جائے: نورانی

اپوزیشن کے خدشات بے بنیاد ہیں: ملک اختر

اسلام آباد — (نمائندہ خصوصی) [illegible]

یوم ولادت قائداعظم پر سیاسی اسیروں کو رہا کیا جانا چاہئے تھا: اصغر خان

ایبٹ آباد — [illegible]

قائداعظم کی برسی ... [illegible]

[illegible]

كيپيٹل ٹريول اور پاکستان

ایک ہی جیسے کے دو نام

دنیا بھر کیلئے سستے سے سستے ٹکٹ

ظہیر مودی ... یا مسٹر ظہیر مودی کو فون کیجئے

CAPITOL TRAVEL

741 BROADVIEW AVE.
TORONTO, ONT. M4K 3Y3
Tel. 465-5411 465-5412

PRESENTING
The most authentic book after Holy Qur'an
SAHIH AL-BUKHARI
(Arabic - English)
By:
Dr. Muhammad Muhsin Khan
3rd Ed., Vol. 1, $10.00 P.P.D.
KAZI PUBLICATIONS
1047 N. Wells Street, Chicago, Ill. 60614, USA
Phone: 312/944-8686

Please Visit Us for

Halal Meat & Dals

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دکان

Afro Asian

918 PAPE AVENUE,
TORONTO

Phone 463-1287

تہران مذاکرات کو پاکستان اور ایران کے خصوصی مراسم کی روشنی میں دیکھا جانا چاہئے!

دونوں ممالک کے تعلقات اور مستحکم ہو جائیں گے

میرے موجودہ تعلقات سے مطمئن ہو — وزیراعظم بھٹو

راولپنڈی ۔۔۔ (اپ پ) پاکستان اور ایران نے مالی اقتصادی نظام کے سلسلے میں غیر فیصلہ کن طریقوں پر بات ہو گئی ہیں۔ وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کی تہران سے راولپنڈی واپسی کے بعد سرکاری ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم بھٹو نے شہنشاہ ایران کے ساتھ دو طرفہ تعلقات کے علاوہ بھی بات چیت کی۔ ان میں مشرق وسطیٰ اور جنوبی ایشیا کے معاملات بھی شامل تھے۔ ذرائع نے کہا کہ وزیراعظم بھٹو کے دورہ تہران کو پاکستان اور ایران کے درمیان موجود خصوصی مراسم کی روشنی میں دیکھا جانا چاہئے۔ انہوں نے کہا یہ دورہ دونوں ملک کے درمیان اعلیٰ سطح پر ہوتے رہنے والے صلاح مشورے کا حصہ تھا۔ ... پاکستان کے حلقے تہران سے راولپنڈی روانگی کے وقت وزیراعظم بھٹو نے ایک انٹرویو میں ... پاکستان اور ایران کے باہمی مراسم سے مطمئن ہوں انہوں نے کہا دونوں کے ... اور ایران کے ساتھ میری بات چیت سے پاک ایران تعلقات مزید مستحکم ہو جائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا ہم تیزی سے بدلتی ہوئی دنیا میں رہ رہے ہیں۔ ... وزیراعظم بھٹو نے تہران میں بات چیت کی اس میں ایران کے وزیراعظم امیر عباس ہویدا کے علاوہ وزیر خارجہ خلعت بری بھی شامل تھے۔ ... وزیراعظم نے تقریر بھی کی۔

خصوصی عدالت نے خوندکر مشتاق کو قید اور جرمانے کی سزا سنا دی



ڈھاکہ ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) بنگلہ دیش کے سابق صدر خوندکر مشتاق احمد کو آج ایک خصوصی عدالت نے قید و جرمانے کی سزا سنا دی۔ ڈھاکہ ریڈیو کے مطابق خوندکر مشتاق احمد پر غیر ملکی زرمبادلہ کے سلسلے میں ملوث ہونے سرکاری ... طریقوں سے حکومت کو بھاری مالی نقصان پہنچانے کے الزامات ثابت ہو گئے ہیں ان کے ساتھ سابق ... سیکرٹری ... کے خلاف بھی ... الزامات کے تحت تحقیقات جاری ہے۔



ٹیسٹ میچ کے نتیجے نے ہمارے کھلاڑیوں میں اعتماد پیدا کر دیا ہے — مشتاق

ایڈیلیڈ ۔۔۔ (اپ پ) پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان مشتاق محمد نے کہا ہے کہ آسٹریلیا بہت جلد پہلے ٹیسٹ میچ میں کامیابی سے ناامید ہو گیا تھا۔ میچ کے ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہونے کے بعد اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا اگر ہمارے کھلاڑی کھیل کے آخری وقت میں مارش یا کوزیئر کو آؤٹ کرنے میں کامیاب ہو جاتے تو مجھے یقین ہے کہ ہم جیت جاتے تاہم مجھے مقابلے کے نتیجے پر اس لئے خوشی ہے کہ اس نے ہماری ٹیم میں اعتماد پیدا کر دیا ہے۔ ہمارے کھلاڑیوں کو معلوم ہو گیا ہے کہ وہ آسٹریلیا کے معیار کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔

پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا ٹسٹ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہو گیا

آصف اقبال نے ۱۵۲ رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے پاکستان کی طرف سے شاندار باؤلنگ

ایڈیلیڈ ۔۔۔ (رائٹر) پاکستان اور آسٹریلیا کے درمیان پہلا کرکٹ ٹسٹ میچ دلچسپ اور سنسنی خیز مرحلوں سے گزرنے کے بعد ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ختم ہو گیا۔ پاکستان نے اپنی پہلی اننگز میں ۲۷۲ رنز اور دوسری اننگز میں ۴۶۶ رنز بنائے۔ جبکہ آسٹریلیا نے پہلی اننگز میں ۴۵۴ رنز اور دوسری اننگز میں چھ کھلاڑی آؤٹ ہونے پر ۲۶۱ رنز بنائے تھے۔ آسٹریلیا کو میچ جیتنے کے لئے ۲۰ منٹ میں ۵۶ رنز بنانے تھے۔ مگر پاکستانی باؤلروں کی اعلیٰ باؤلنگ اور فیلڈروں کی شاندار فیلڈنگ نے آسٹریلیا کی تمام کوشش ناکام بنا دیں۔ کھیل کے ایک مرحلے پر آسٹریلیا کے جیتنے کے امکانات پیدا ہو گئے تھے۔ مگر پاکستانی ٹیم کے وائس کپتان آصف اقبال کے شاندار کھیل نے پانسہ پلٹ دیا۔ انہوں نے ۱۵۲ رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئے۔ پاکستانی باؤلروں نے آسٹریلوی کھلاڑی گریگ چیپل اور ڈگ والٹرز کو ۱۰ رنز پر آؤٹ کر دیا پاکستانی بیٹسمین ظہیر عباس ... اقبال قاسم ... کی شاندار باؤلنگ کی ... پاکستان کی تاریخ میں ایک ریکارڈ ہے۔ آسٹریلوی نقادوں نے آصف اقبال کو شاندار بیٹنگ پر زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ انہوں نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کر کے پاکستان کو شکست سے بچا لیا۔ نقادوں نے انتہائی نازک وقت میں سنچری بنانے پر ظہیر عباس کو بھی خراج تحسین پیش کیا ہے۔ پاکستانی باؤلروں نے آخری تین اوور میں آسٹریلیا کے بیٹسمینوں کو ایک بھی رنز نہیں بنانے دیا۔

بنگلہ دیش کی برآمدات میں صرف تین ماہ میں ۴۸ فیصد اضافہ ہو گیا

ملک کے زرمبادلہ کے ذخائر ڈیڑھ کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے

ڈھاکہ ۔۔۔ (رائٹر) بنگلہ دیش جس کا شمار دنیا کے غریب ترین ممالک میں ہوتا ہے۔ معاشی بحالی کے حوصلہ افزا آثار رونما ہو رہے ہیں تاہم بنگلہ دیش کے منصوبہ سازوں نے خبردار کیا ہے کہ ابھی بہت طویل سفر طے کرنا ہے۔ رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی کے دوران ملکی برآمدات میں ۴۸ فیصد اضافہ ہو گیا ہے اور اس کے زرمبادلہ کے ذخائر بڑھ کر ۱۵ کروڑ ڈالر تک پہنچ گئے ہیں جو ایک ریکارڈ ہے۔ تین اچھی فصلوں کے بعد ملک کی غلے کی درآمدات پچیس لاکھ ٹن سے گھٹ کر ... لاکھ ٹن رہ گئی ہیں اور سرکاری حکام کا کہنا ہے کہ ملک تیزی سے غذائی خود کفالت کی طرف بڑھ رہا ہے۔ ... کھانے کے تیل کی قیمتیں اتنی کم ہو گئی ہیں ... منصوبہ بندی کے شعبے کے سربراہ ڈاکٹر ... نے کہا ہے ہم نے بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے اور اس پر ہمیں خوشی ہے لیکن ترقی کی راہ ایک ایسی راہ ہے جو کبھی ختم ہونے میں نہیں آتی۔



جمی کارٹر ۱۹۷۶ء کی ممتاز ترین شخصیت ہیں

واشنگٹن ۔۔۔ (رائٹر) رسالہ ٹائم نے امریکہ کے منتخب صدر جمی کارٹر کو سال کی ممتاز ترین شخصیت قرار دیا ہے۔ ... جمی کارٹر کا صدر کے عہدے تک پہنچنا بہت عجیب اور حیرت انگیز بات ہے اس سے پہلے ٹائم امریکہ کے صرف دو صدور روزویلٹ اور جان ایف کینیڈی کو سال کی بہترین شخصیت قرار دے چکا ہے۔

"عام انتخابات کے پیش نظر ہمیں مشروط طور پر رہا کر دیا جائے"

ہائیکورٹ نے رانا حنیف کوانی اور راجہ منور کی اپیلیں سماعت کیلئے منظور کر لیں

لاہور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) لاہور ہائی کورٹ نے پاکستان مسلم لیگ کے جنرل سیکرٹری ... رکن پنجاب اسمبلی ... اور راجہ منور احمد کی رٹ درخواستیں سماعت کے لئے منظور کر لی ہیں۔ ان رٹ درخواستوں میں پنجاب خصوصی ٹریبونل کے فیصلے کے خلاف اپنی اپیلوں کی جلد سماعت کرنے اور فیصلے تک ملک میں عام انتخابات کے پیش نظر مشروط طور پر رہا کرنے کی درخواست کی ہے۔ ... نے اپنی درخواست میں لکھا ہے کہ وزیراعظم پاکستان کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ عام انتخابات قریب ہیں۔ ... پاکستان مسلم لیگ کا چیف آرگنائزر پنجاب کا سابق وزیر اعلیٰ سینیٹ کا رکن اور عالمی شہرت کا سیاست دان ہوں۔ اگر میں جیل میں رہا اور میں نے انتخابی مہم میں حصہ نہ لیا تو اس سے نہ صرف میرا ذاتی نقصان ہو گا بلکہ میری جماعت کی انتخابی مہم بھی متاثر ہو گی۔ ... نے لکھا ہے کہ میں حکمران جماعت کی اہم شخصیات کے خلاف عام انتخابات میں حصہ لینا چاہتا ہوں اگر میں جیل میں رہا تو اس کا ملک کی سیاست پر ناخوشگوار اثر پڑے گا۔

وزیراعظم بھٹو نے شہنشاہ ایران کو قائداعظم یادگاری تمغہ پیش کیا

تہران ۔۔۔ (ریڈیو رپورٹ) وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے آج شہنشاہ ایران کو قائداعظم سے متعلق یادگاری تمغہ پیش کیا۔ وزیراعظم بھٹو آج ہی تہران پہنچے تھے انہوں نے دوست کی ... شہنشاہ ایران ... کے ساتھ کھانا ...

ہزاروں کونسلروں اور ارکان نے قیوم لیگ سے علیحدگی اختیار کر لی

استعفے خان قیوم کو بھیجے جا چکے ہیں

پشاور ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) ہزارہ ڈویژن کے ... مسلم لیگ ... ہزاروں کونسلروں ... نے قیوم مسلم لیگ سے علیحدگی کا اعلان کیا ہے ان میں مسلم لیگ کے مرکزی اور صوبائی رہنما، پارٹی کی ضلعی اور تحصیل کی تنظیموں کے عہدیدار بھی شامل ہیں ان رہنماؤں نے ... وزیر تعلیم ... خان کے فیصلے کی حمایت کرتے ہوئے ان کے مسلم لیگ سے علیحدگی کے فیصلے کو دانشمندانہ قرار دیا ہے۔ ... انہوں نے اعلان کیا کہ پہلے تو ... مسلم لیگ کی جانب سے ... بلدیاتی ... استعفے دیا ہے ... خان قیوم کو بھیجے جا چکے ہیں ... صدر مسلم لیگ ... عبداللطیف ... چوہدری محمد شریف ... ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری ... مسلم لیگ ... غلام احمد ... سیکرٹری ... مسلم لیگ ...

پندرہ روزہ کریسنٹ آپکا

اپنا اخبار ہے

اپنے دوستوں میں اسکا تعارف کرائیے

پندرہ روزہ
کریسنٹ
سوئٹزرلینڈ

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
[illegible]

ایران کی پیش قدمی

ڈاکٹر جاوید اکبر
(۱۱)

[illegible] ایران کی [illegible]

گزشتہ چند سالوں سے علاقائی تعاون ایرانی خارجہ پالیسی کا ایک اہم پہلو رہا ہے۔ ایران کی اس دور اندیشانہ پالیسی کی ابتدا خلیج فارس سے شروع ہو کر مشرق وسطیٰ، جنوبی ایشیا اور برِ عظیم ہند سے لیکر [illegible] افریقہ تک پھیل چکی ہے۔

ایران علاقائی ملکوں سے قریبی رابطہ قائم رکھنے کی اہمیت و افادیت کی وضاحت وقتاً فوقتاً کرتا رہا ہے۔ علاقائی تعاون کے ایرانی نظریہ کی روشنی میں ان اسباب کا ایک سرسری جائزہ پیش کیا جا رہا ہے۔ جس نے اس نظریہ کو فروغ دیا۔

آپ کو یاد ہوگا کہ ۱۹۶۸ء میں برطانیہ نے سویز کے مشرق سے اپنی فوجیں ہٹانے کا اعلان کیا تھا۔ جس نے ایران کے سامنے ایک ایسا خاکہ پیش کیا جسکو عملی جامہ پہنانے کی آرزو پچھلی ایک صدی سے ایران کے دل ہی میں رہی تھی۔ چنانچہ اس خواب کو حقیقت میں نمودار ہوتے دیکھ کر ایران نے اپنی نئی ذمہ داریوں کی تیاری زور و شور سے شروع کر دی۔ جو ذمہ داری ایران پر آن پڑی یا پھر ایران نے آگے بڑھ کر سنبھالنی چاہی وہ یہ تھی:۔

برطانوی فوج کے ہٹ جانے سے جو (۱۹۶۸ء میں اعلان ہوا اور ۱۹۷۱ء میں عمل درآمد ہوا) خلاء پیدا ہوا اسے کس طرح پورا کیا جا سکتا ہے تاکہ نہ صرف خلیج فارس تک ایران کا مکمل تسلط قائم رہے۔ بلکہ اس خطے میں کسی بھی بیرونی طاقت کی دخل اندازی کو بھی روکا جا سکے!

چنانچہ جن بنیادی نقطوں کے پیش نظر ایران نے خلیج فارس کو اپنے کنٹرول میں رکھنے کا تہیہ کر لیا۔ وہ یہ ہیں:۔

۱۔ دشمن ملک کے اکسانے پر شاہ کے خلاف اندرونی بغاوت کے خلاف تحفظ۔

۲۔ آبنائے ہرمز STRAIT OF HORMUZ خلیج اور بحیرہ عرب کا راستہ بغیر کسی رکاوٹ کے ہموار رہے۔

۳۔ ایران کے تیل کے ذخیروں اور رسد کی سہولتوں کی خاطر خواہ حفاظت ہو سکے۔ خواہ کسی حادثہ کی صورت میں رونما ہوں یا پھر کسی منظم سازش کے تحت۔

اپنے اس خواب کو شرمندۂ تعبیر ہوتے دیکھنے کے لئے ایران نے سب سے پہلے اپنی فوجی طاقت پر بھروسہ کرتے ہوئے اسے مؤثر بنانے کی بھرپور کوشش شروع کر دی [illegible]

[illegible] کے لئے [illegible] ثابت ہو چکا تھا [illegible] ایران کے تعلقات خلیج فارس [illegible] روز بروز خراب ہوتے جا رہے تھے [illegible] اور قطر کے غیر یقینی حالات اور مستقبل سے ایران کو تشویش تھی۔ چنانچہ اپنی افواج کو یہ ذمہ داری سونپنے کے علاوہ ایران نے بڑھ چڑھ کر اس بات کا بھی پرچار کیا کہ خلیج فارس کی حفاظت خلیج کے ملکوں ہی کی ذمہ داری ہے جو دوسرے الفاظ میں بیرونی قوتوں کو [illegible]

[illegible] ہیں!

[illegible] آپ کو خلیج کی مقتدر قوتوں کا [illegible] بتاتے ہوئے ایران نے خلیج کے دوسرے ملکوں کو [illegible] خلیج کے علاقے کی سلامتی و فلاح و بہبود کی خاطر ایران تمام خلیج کی ریاستوں سے باہمی تعاون کا خواہشمند ہے۔ [illegible] ایران ہی کے مفاد میں تھی کہ وہ اپنی سرحدوں کی حفاظت کے علاوہ اپنے قریبی علاقوں کے تحفظ میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لے۔ ورنہ تو وہ اسے اپنا وجود خطرے میں نظر آ رہا تھا۔ جسکی شہادت اس علاقے میں بڑھتے ہوئے روسی اثرات کے سائے دے رہے تھے۔!!!

ایران کا دوسرا اقدام برطانیہ و امریکہ کو اس بات پر آمادہ کرنا تھا کہ وہ خلیج کی حفاظت کے سلسلے میں بیرونی طاقت کی دخل اندازی کی صورت میں ایران کی پوری پوری حمایت کرینگے۔ چنانچہ برطانیہ و امریکہ کی یقین دہانی کے بعد اور اکتوبر کی عرب اسرائیل جنگ سے قبل ایران نے خلیج کی ریاستوں کو سفارتی سطح پر تسلیم کرنا شروع کر دیا۔ تجارت کو خلیج کی ریاستوں میں فروغ دیا۔ اور سب سے اہم بحرین پر اپنے موروثی حق سے دست برداری کے طور پر تعلقات بہتر بنائے۔ اور اس سے بڑھ کر مصر سے دوبارہ سفارتی تعلقات بحال کر کے اپنی خارجہ پالیسی کو ایک نئے موڑ پر لا دیا۔ جہاں سے ایران جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ کی لیڈرشپ کی تگ و دو میں مصروف ہو جاتا ہے!

سیاست کی نیرنگیاں جو گل کھلاتی ہیں۔ اُن سے عام ذہن آشنا نہیں۔ اقبالؒ کے یہ اشعار سیاست کی صحیح تعریف کرتے ہیں ؎

اس کھیل میں تعیینِ مراتب ہے ضروری
شاطر کی عنایت سے تو فرزیں میں پیادہ
بیچارہ پیادہ تو ہے اک مہرۂ ناچیز
فرزیں سے بھی پوشیدہ ہے شاطر کا ارادہ

۱۹۷۳ء کی جنگ نے عربوں کو جس طرح سیاسی بساط الٹنے میں کامیابی بخشی اس نے ایران کو اپنی طرف متوجہ کیا۔ جسکے عربوں سے تعلقات روایتی انداز میں ایک دوسرے پر شک و شبہ پر مشتمل تھے۔ چنانچہ ایران نے اس حالات سے پورا فائدہ اٹھایا۔ [illegible]

[illegible]

[illegible] ONE [illegible] کی [illegible] مصریوں کی [illegible] میں [illegible] کی تعمیر [illegible] شامل ہے [illegible] شہنشاہ ایران [illegible] جس میں شاہ نے اسرائیل کو [illegible] تیل کی سپلائی بڑھانے کی پیشکش [illegible] شرط پر کی [illegible] سینا کے مصری [illegible] سے دست بردار ہو جائے [illegible] کی [illegible] کا عملی ثبوت تھا۔

مصر اور اسرائیل کے درمیان مفاہمت اور امن کا ماحول پیدا کرنے کی کسنجر کی کوششوں کی ناکامی پر امریکہ نے تقاضہ اسرائیل سے ناراضگی کا اظہار کیا جبکہ تہران کو یہ بات کھٹک رہی تھی کہ اسرائیل پر بات چیت کے لئے دباؤ ڈالا جائے حتیٰ کہ سیاسی مقاصد کے لئے تیل کی سپلائی کا ہتھیار تک ایران کی نظر میں غیر مناسب تھا لیکن جونہی مصر کے صدر سادات نے اس بات کا اعلان کیا کہ مصر امن برقرار رکھنے کے لئے تمام وعدوں پر برقرار رہیگا اور اس کے ثبوت کے طور پر نہر سویز کے کھولنے کا اعلان کیا جس نے تہران کے سیاسی حلقوں میں بلکہ یہ کہنا زیادہ مناسب ہوگا کہ گلستان پیلس میں خوشی کی لہر دوڑا دی ۱۹۷۵ء میں صدر سادات جب ایران کے دورے پر پہنچے تو شہنشاہ ایران نے عرب اسرائیل مسئلہ پر ایران اور مصر کے درمیان تمام امور پر مکمل اتفاق رائے کا اظہار فرمایا۔ جو ایران اور عربوں کے تعلقات میں سنگ میل کی حیثیت کا حامل ہے۔ اسی طرح صدر سادات نے ایران اور امریکہ کے قریبی تعلقات پیش نظر اور مصر و ایران کے بڑھتے ہوئے تعلقات کی روشنی میں اس قسم کا اعلان کیا جس سے ظاہر ہوتا تھا۔ کہ مصر ایران کے ذریعہ امریکہ سے جیسے اپنی سفارش کروا رہا ہو اس میں کوئی شک نہیں کہ ایران نے امریکہ کو مشرق وسطیٰ میں امن برقرار رکھنے میں کافی مدد دی۔ جسکے نتیجے میں ایک موقع پر یوں محسوس ہونے لگا تھا جیسے واشنگٹن اور تل ابیب کے تعلقات کشیدہ ہوتے جا رہے ہیں۔!!! جبکہ اس بات سے کہ اسرائیل کا وجود ہی امریکہ کی سرپرستی و اعانت کے بغیر ممکن نہیں۔

جنگ اکتوبر کے بعد دنیا نئے حالات سے دوچار ہو گئی۔ ایک طرف یورپ کی ترقی یافتہ قومیں اسرائیل کا دم بھرنے کے عوض تیل سے محروم کر دی گئیں تو دوسری طرف امریکہ جس کے نہ صرف تعیش میں فرق پڑا۔ بلکہ بے روزگاری بھی بڑھی۔ اور ترقی پذیر ممالک کی بدحالی تو مت پوچھئے۔۔۔۔۔۔ غرض اس معاشی بدحالی کے بھونچال نے دنیا کو عربوں کے آگے جھکنے پر مجبور کر دیا۔ اور ایران عربوں کے اس گھوڑے کی طرف مسلسل کھنچتا چلا گیا۔ سعودی عرب جسے ایران خلیج فارس میں اپنا سب سے بڑا حریف سمجھتا ہے۔ اس سے بھی تعلقات بہتر بنانے کی خاطر رضا شاہ پہلوی نے شاہ فیصل سے ملاقات کی جو خاصی کامیاب رہی۔ اور جسکے نتیجہ میں ایران نے عربوں سے معاندانہ رویہ ترک کر کے دوستی کا ماحول پیدا کیا۔ بدقسمتی سے شاہ فیصل کے اچانک اٹھ جانے سے ایران کو خاصی تشویش رہی۔ لیکن فوری شاہ ایران شاہ خالد سے ملنے [illegible] آپ [illegible]

[illegible] کا [illegible] پایا [illegible] اتفاق رائے ہی کا اثر تھا کہ ایران نے اس بات کا اعلان کیا کہ اسرائیل کو [illegible] تمام عرب علاقے خالی کر دینے چاہئیں۔ اور جب تک فلسطین کو [illegible] حق خود ارادیت [illegible]

[illegible] کی جنگ کے بعد حالات نے [illegible] ڈرامائی انداز میں پلٹا کھایا۔۔ ایران و عراق کی دوستی کا اچانک مفاہمت میں تبدیل ہو جانا ہے۔ الجزائر کے صدر بومدین اس سلسلہ میں قابل مبارکباد ہیں۔ جن کی کوششوں سے ایران و عراق کے درمیان سازگار ماحول پیدا ہونے میں مدد ملی۔ یہ بات ایران و عراق دونوں ہی کے مفاد میں تھی۔ کہ دشمنی کو دوستی میں بدل دیا جائے اس لئے:۔

۱۔ عراق کو اندرونی طور پر کُرد قبائل کی بغاوت نے پریشان کر رکھا تھا۔ جس کی پشت پناہی ایران کر رہا تھا۔

۲۔ عراق کو یہ بات کافی نقصان کے بعد سمجھ میں آئی کہ عرب دنیا سے کٹ کر عراق کچھ نہیں۔

۳۔ عراق کا روس کی طرف سے ناامید ہونا

۴۔ ایران کا عربوں کی حمایت میں اعلان اور عملی اقدامات

۵۔ OPEC (تیل پیدا کرنے والے ممالک کی انجمن) کے ممالک کا آپس میں اتحاد کی اہمیت۔

۶۔ عراق سے بہتر تعلقات کی صورت میں ایران کا خلیج کی ریاستوں میں لیڈر شپ کے لئے ابھرنا۔

۷۔ خلیج و بحر ہند میں بڑھتے ہوئے روسی اثر اور ساتھ ہی ان خدشات کا احساس کہ امریکہ تیل کے چشموں پر بصورت دیگر قبضہ کر سکتا ہے۔

۸۔ جسطرح شہنشاہ ایران کو اپنے تخت کی حفاظت کی فکر دامنگیر رہتی ہے۔ اسی طرح عراقی حکومت کو اپنے اقتدار کی حفاظت کی خاطر ایک دوسرے سے تعلقات کا بہتر ہونا از حد ضروری تھا۔

ان باہمی مفادات کی روشنی میں ایران اور عراق نے بڑھ کر تعلقات استوار کئے دوسری طرف تاریخی اعتبار سے ایران سوویت یونین سے ہراساں رہا ہے۔ جو شمال کی جانب سے ایران کا پڑوسی ہوتا ہے۔ اس خوف و ہراس میں اضافہ کی وجہ بحر ہند میں روسی بحری بیڑے کی موجودگی، وقتاً فوقتاً روسی بحری جہازوں کی خلیج فارس میں آمد و رفت، روس و بھارت کا گٹھ جوڑ اور روس و عراق کے معاہدوں نے ایران کے ان خدشات کو ہوا دی کہ روس بوقت ضرورت ایران پر شمال و جنوب سے بری و بحری راستوں کے ذریعہ بآسانی قبضہ کر سکتا ہے۔!!!

یہی وجہ تھی کہ ایران نے عراق، بھارت سے میل جول بڑھانے کی پالیسی اختیار کی جو علاقائی تعاون، علاقے کے ملکوں کے [illegible] کے جذبے میں رونما ہوتی چلی گئی۔ علاقائی تعاون کی پالیسی کا ایک اور پہلو بھارت و ایران کے تعلقات پر مبنی ہے۔ اکتوبر ۱۹۷۳ء کی عرب اسرائیل جنگ کے [illegible] مسز گاندھی نے ایران کی پوری پوری حمایت و ہمدردی حاصل کرنے کی ہر ممکن [illegible]

تغیرات زمانہ اور بالخصوص ۱۹۷۱ء کی پاک بھارت جنگ کے بعد مسز گاندھی جنوبی ایشیا کی چوہدری کے سندر سپنے دیکھنے لگی تھیں جبکہ ایران خود اپنے آپ کو اس اعزاز کا مستحق سمجھ رہا تھا۔ خاموشی سے بھوک و افلاس کی ماری بھوکی اس ایٹم زدہ مخلوق کا تماشا دیکھتا رہا۔ حتیٰ کہ ۱۹۷۰ء کے آخر میں ایران کی بڑھتی ہوئی دولت اور بڑی بڑی صنعتوں کے قیام کا زور و شور سن کر مسز گاندھی شہنشاہ ایران سے باریابی کا شرف حاصل کرنے تہران پہنچیں۔ اور یوں بھارت کو سستے داموں تیل ملنے لگا۔۔!! دشمن داری کا طریقہ بھی خوب ہے۔ اگر یہ جوہر عام آدمی میں ہو تو ذات کو فائدہ اور اگر حاکم میں ہو تو قوم کو۔۔۔!

شہنشاہ آریہ مہر رضا شاہ پہلوی ایران [illegible] و سعید کے مالک فارس کی مقدس سرزمین قدیم تخت طاؤس کے جانشین جن کے [illegible] اشارے پر شہری آزادی زندان کی تاریکیوں میں پہنچ جاتی ہے۔ ایسی تاریکیاں جن اجاروں کو جنم دے رہی ہیں ان سے جدید ایران کی تاریخ مرتب ہو رہی ہے۔ جو عظیم الشان عمارتوں، بڑی بڑی صنعتوں [illegible] خوفناک جنگی ہتھیاروں سے آراستہ [illegible]!!!

زر بصیرت
سہیل عبدالرشید

اقبالؒ کی نعت گوئی

علامہ اقبالؒ نے مسلمانوں کو مایوسی اور مرعوبیت کی دلدل سے نکالا۔ انھیں اپنے ماضی پر فخر کرنا سکھایا۔ ان کے سینوں میں روشن مستقبل کا چراغ روشن کیا مگر ان کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انھوں نے تعلیم یافتہ مسلمانوں میں جو یورپ سے بُری طرح متاثر ہو رہے تھے، جناب رسالتمآبؐ کی محبت اور عقیدت کا والہانہ جذبہ پیدا کیا۔ جس سے اُن کا ایمان مستحکم اور اُمتِ مسلمہ کا باہمی ربط قائم ہوا ہے۔

اقبالؒ نے حضورؐ کی نعت میں بہت اشعار لکھے ہیں اور ان کا ہر شعر اپنی جگہ ایک لعل بے بہا ہے۔ یہاں ان کے چند اشعار پیش کئے جاتے ہیں جو ان کی زندگی کے تین مختلف ادوار۔۔۔ شباب، ادھیڑ اور آخر سے تعلق رکھتے ہیں ؎

خوشا وہ وقت کہ یثرب مقام تھا اُسؐ کا
خوشا وہ دور کہ دیدار عام تھا اُسؐ کا

پروانے کو چراغ ہے، بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کے لئے ہے خدا کا رسولؐ بس

عقل را او صاحب اسرار کرد
عشق را او تیغ جوہر دار کرد

(ترجمہ: آپؐ نے عقل کو اسرار و حکمت کا مالک کیا اور عشق کو تیغِ جوہر دار بنایا)

آیۂ کائنات کا معنیٔ دیر یاب تو
نکلے تیری تلاش میں قافلہ ہائے رنگ و بو

(ساری کائنات ایک آیت ہے۔ حضورؐ اس آیت کے معنی ہیں اور معنی بھی ایسے جو بہت دیر سے میسر آئے۔ حدیث لولاک اور حضورؐ کی ختم المرسلینی کی طرف اشارہ ہے)

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

کریسنٹ


یکم جنوری ۱۹۷۷ء مطابق ۱۱ محرم ۱۳۹۷ھ — جلد ۵ شمارہ ۲

سینیٹ نے نمائندہ عہدوں پر فائز افراد میں بدعنوانی کی روک تھام کا بل منظور کرلیا

بل کا اطلاق پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کے موجودہ ارکان پر نہیں ہوگا

بدعنوانیوں کی روک تھام کا ایکٹ اور بل پیش کر دیا گیا

اسلام آباد — نمائندہ خصوصی — سینیٹ نے آج عوامی نمائندوں کی بدعنوانی کی روک تھام کا بل منظور کرلیا…



ولادت صدی کا عظیم ترین مسلمان رہنما

اسلام آباد — اے پی پی — ٹیلی ویژن نے بدھ ۲۵ دسمبر کو قائد اعظم کے بارے میں نصف گھنٹے کا خصوصی پروگرام نشر کیا۔ اس پروگرام کے دوران قائد اعظم کے صد سالہ جشن ولادت کے سلسلے میں کویت میں منعقد ہونے والی تقریبات کی جھلکیاں…

سالِ اقبال کی تقریبات یکم جنوری سے شروع ہو رہی ہیں

حکیم الامت کی تعلیمات سے قوم کو روشناس کرایا جائے گا

لاہور — نمائندہ خصوصی — وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو کل ۳۱ دسمبر کو چار بجے شام لاہور پہنچیں گے۔ وزیر اعظم مسٹر بھٹو لاہور میں قیام کے دوران یکم جنوری کی صبح شاعر مشرق حضرت علامہ ڈاکٹر محمد اقبال کے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائیں گے اور فاتحہ خوانی کریں گے۔ اس کے ساتھ یکم جنوری سے علامہ اقبال کے سال کی تقریبات شروع ہو جائیں گی…



لیبیا اور پاکستان دنیا بھر میں تبلیغ اسلام کیلئے قومی اسلامی مرکز قائم کریں گے

دونوں ممالک کے درمیان تعاون کو مزید فروغ حاصل ہوگا

لاہور — (اے پی پی) پاکستان میں لیبیا کے سفیر شیخ صالح محمد نے کہا ہے کہ پاکستان اور لیبیا کے درمیان مختلف میدانوں میں تعاون کو وقت کے ساتھ ساتھ مسلسل فروغ حاصل ہو رہا ہے…

شاہ خالد وطن واپس آگئے

ریاض — اے پی — سعودی عرب کے شاہ خالد بن عبدالعزیز… نجی دورے کے بعد آج واپس وطن پہنچ گئے۔

اعلیٰ قسم کے تیل کے ذخیرے کی دریافت

ڈیرہ غازی خاں میں ڈھوڈک کے مقام پر گیس کا بہت بڑا ذخیرہ بھی دریافت ہوا!

ذخائر زیادہ گہرائی میں نہ ہونے کی وجہ سے اخراجات بھی کم ہوں گے

دریافت تیل کو صاف کرنے کی بہت کم ضرورت پڑے گی، پارلیمنٹ میں اہم انکشاف

اسلام آباد — اے پی پی — وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے انکشاف کیا ہے کہ ضلع ڈیرہ غازی خان میں ڈھوڈک کے مقام پر اعلیٰ قسم کے تیل اور گیس کے ذخائر کا پتہ چلا ہے…

ڈرامائی اعلان

اسلام آباد — اے پی پی — وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے آج پارلیمنٹ کے اجلاس کے دوران ضلع ڈیرہ غازی خان میں ڈھوڈک کے مقام سے تیل اور گیس کے وسیع ذخائر کی دریافت کا اعلان کیا…

ولی خان کو پشاور کے ہسپتال میں منتقل کرنے کا مطالبہ

پشاور — نمائندہ خصوصی — …بیگم نسیم ولی خان نے… مطالبہ کیا ہے کہ ولی خان کو کراچی ہسپتال کے بجائے پشاور کے ہسپتال میں منتقل کیا جائے…

بلوچستان میں قابض مزارعین کو مالکانہ حقوق دینے کا اعلان

کوئٹہ — اے پی پی — حکومت بلوچستان نے فیصلہ کیا ہے…

کینیڈا میں پاکستان کے نئے سفیر

اسلام آباد — (اے پی پی) کینیڈا کے لئے پاکستان کے نامزد سفیر ڈاکٹر افضل اقبال… کی حیثیت سے… اپنے فرائض انجام دیں گے…

بھارتی روپے کی قیمت گھٹا دی گئی

نئی دہلی — (رائٹر) بھارت نے پونڈ سٹرلنگ کے مقابلے میں اپنے روپے کی قیمت میں… کمی کردی ہے اب ایک پونڈ کی شرح مبادلہ… روپے… پیسے ہوگی۔

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 5 years.

SUBSCRIPTION RATES:

☐	1 Year	1st Class Mail	$ 8.00
☐	2 Years	1st Class Mail	$14.00
☐	6 Months	1st Class Mail	$ 5.00

Please make cheques payable to "Crescent"

FORTNIGHTLY — پندرہ روزہ

Crescent — کریسنٹ

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49_ _ _74

Name
Address
Postal Code
Telephone No.